ہیڈلائنز

*....صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا 2047تک وکست بھارت کے خواب کو
شرمندہ

---

تعبیر کرنے کیلئے نوجوانوں میں مضبوط اخلاقی اقدار پیدا کرنے پر زور ۔

*....ڈیجیٹل پہل کے 11برس مکمل//وزیراعظم نے مختلف شعبوں میں مثبت
بدلاو

---

لانے میں پہل کی اہمیت کو کیا اُجاگر۔

*....ایل جی منوج سنہا نے جموں وکشمیر میں
شاہراو

---

ں اور سڑک رابطوں کو تقویت پہنچنے کیلئے وزیراعظم اور شاہراوں کے مرکزی وزیر کا کیا ۔
شکریہ ادا۔

اور

*....جموں وکشمیر اور لداخ یوٹیز میں سینسس 2027کے تحت
ہاو

---

س لسٹنگ کا عمل مکمل۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نوجوانوں پر زور دیاہے کہ وہ 2047تک وکست بھارت کے خواب
کو
شرمندہ

---

تعبیر کرنے کیلئے اپنے اندرمضبوط اخلاقی اقدار پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ زندگی کے ہر ایک ۔ شعبے میں آگے بڑھنے کی سعی کریں۔ اننتاپور میناج سینٹرل یونیورسٹی آف آندھراپردیش کے پہلے کنوکیشن سے مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ نوجوان پود کی توانائی، ٹیلنٹ اور عزم ایک شمولیاتی اور ترقی یافتہ بھارت وجود میں لانے میں ایک اہم رول ادا کریں گے۔انہوں نے یونیورسٹی سے فارغ ہوئے طلباءکو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں اس بات کی مسرت ہورہی ہے کہ میڈل حاصل کرنے والے طلباءمیں لڑکیوں کی تعداد زیادہ ہے۔انہوں نے یونیورسٹی کے کام کاج کی تعریف کی۔

پی ایم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل انڈیا پہل نے حکمرانی کے عمل کو ایک نئی جہت دینے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بااختیاربنایا نیز کلھم ترقی کو یقینی بنانے میں بھی مدد کی۔ ڈیجیٹل انڈیا پہل کے گیارہ برس مکمل ہونے پر آج وزیراعظم نے کہا کہ اس پہل نے ملک کے تمام علاقوں

بالخصوص
گاو

---

ں دیہات اور دوسرے و تیسرے درجے کے شہروں میں اختراعیت کا انقلاب لایا۔ ڈیجیٹل انڈیا کی ۂ
اہمیت کو مزید اُجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اس کی بدولت فوائد اور ادائیگیاں براہِ راست
مستحقین تک پہنچ پارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا نے تعلیم، طبی نگہداشت ،زراعت ، تجارت
اور عوامی خدمات کے نظام کے ساتھ ساتھ تمام شعبوں میں مثبت
بدلاو

---

لایا۔ ۂ

اسی دوران آج پردھان منتری کرشی سنچائی یوجنا نے بھی اپنے دس برس مکمل کئے ہیں۔ اس اسکیم کی بدولت ملک کے کسانوں کو آبپاشی کی یقینی سہولیات فراہم ہوئی ہے اور پچھلے دس برس کے دوران 27ملین کسان استفادہ کرچکے ہیں۔

کابینہ میٹنگ

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میںآج اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ نئی دلی میں منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر کئی اہم پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔

ایل جی

سڑک ٹرانسپورٹ اور
شاہراو

---

ں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ رام بن ضلع ۂ
مکمل کیا گیاہے۔ اس کے علاوہ ساڑھے تین Via duct میں رامسو علاقے میں 8سو10میٹر لمبا
ٹنل بھی مکمل کیا گیاہے۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں وکشمیر میں AT-03 کلومیٹر لمبا
شاہراہوں اور سڑک رابطوں کو دوام بخشنے کیلئے وزیرا عظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر نتن
گڈکری کا شکریہ ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ ان دو پروجیکٹوں کے مکمل ہونے سے شاہراہ پر
سفر کرنے والوں کیلئے آسانی پیدا ہوگی اور سرینگر اور جموں کے درمیان سفری وقت میں مزید
کمی آئے گی۔

یاترا

جولائی کو شروع ہونے والی اس سال کی سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں یاتریوں کا 3 پہلا جتھا جموں سے گپھا کی طرف روانہ ہوگا۔یاترا کے احسن انعقاد کیلئے مختلف سطحوں پر سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا جارہاہے کہ یاترا کے دوران یاتریوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے حال ہی میں گپھا میں حاضری دیکر وہاں پرتھم پوجا میں شرکت کی۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ مختلف محکمے یاترا کے بہتر انعقاد کیلئے مختلف محکمے باہمی تال میل کے ساتھ کام کررہے ہیں۔

نے آج سرینگر سے نویُگ ٹنل تک شاہراہ کا دورہ کیا اور V.K Birdhi اِدھر ڈویژنل کمشنر کشمیر یاترا کے تعلق سے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ بعد میں ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

ایڈوائزری

دریں اثناءٹریفک پولیس نے یاترا کے تعلق سے سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمدورفت کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ایڈوائزری کے مطابق یاترا کے دنوں کے دوران بڑی گاڑیوں کو شام سات بجے کے بعد قاضی گنڈسے جموں اور اُدھمپور سے سرینگر کی طرف چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔تاہم چھوٹی گاڑیوں کو رات گیارہ بجے چلنے کی اجازت ہوگی۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج سرینگر میں ایک منیٹنگ کے دوران خانصاحب، حضرتبل، پانپور ، سوپوراور زینہ پورہ اسمبلی حلقوں میں ترقیاتی معاملات اور عوامی خدمات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ ان حلقوں کے ارکانِ اسمبلی نے اپنے اپنے حلقوں کے مسائل وزیر موصوفہ کی نوٹس میں لائے۔ وزیر موصوفہ نے انہیں یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران اپنے ماتحت محکموں کی طرف سے عملائے جارہے ترقیاتی پروگراموں اور کلیدی نوعیت کے فلیگ اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ذاتی طور پر تمام پروجیکٹوں پر نظر رکھیں اور رقومات کے منصفانہ تصرف کو یقینی بناتے ہوئے ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

فوجی سربراہ

نئے تعینات کئے گئے چیف آف آر می سٹاف جنرل دھیرج سیٹھ نے ابھرتے ہوئے سیکورٹی چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے فوج کی جدید کاری میں سرعت لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلی میں 31ویں فوجی سربراہ کی حیثیت سے چارج سنبھالنے کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فوج سرحدوں پر مسلسل چوکسی اور نگرانی برقرار رکھے گی اور قومی سیکورٹی کو درپیش خطرات سے
مو

---

ثر طریقے پر نمٹے گی۔ٔ

---v/o---

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

سینسس

جموں وکشمیر اور لداخ یوٹیز میں سینسس 2027کے پہلے مرحلے کے تحت
ہاو

---

س لسٹنگ کا عمل کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا ہے۔ٔ

ان دو یوٹیز کیلئے چیف پرنسپل سینسس آفیسر جموں وکشمیر اور لداخ امت شرما نے آج سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ عمل پوری طرح سے ڈیجیٹل طریقے کو استعمال میں لاتے ہوئے پائیہ تکمیل کو پہنچایا گیا۔ تفصیلی رپورٹ کے ساتھ ہمارے نامہ نگار

....Report....

پہلے مرحلے کی تکمیل کے بعد اب ڈائریکٹوریٹ آف سینسس آپریشنز جموں کشمیر اور لداخ کی تمام تر توجہ مردم شماری کے دوسرے شمارے پر مرکوز ہورہی ہے۔ دوسرے مرحلے تحت
ستمبر2026میں پہاڑی علاقوں میں لوگوں کی آبادی کا شمار کیاجائے گا جبکہ میدانی علاقوں مینیہ کام اگلے سال فروری کے مہینے میں انجام دیا جائے گا۔

چیف پرنسپل سینسس آفیسر امت شرما نے پہلے مرحلے کی انجام دہی میں شامل سبھی اہلکاروں کی ستائش کرتے ہوئے عوام کی طرف سے دئیے گئے تعاون پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ CPCO نے مردم شماری 2027کو وکست بھارت 2047کے وزیراعظم کے نظریے کو عملی جامع پہنانے کی ایک اہم بنیاد قرار دیا۔ ........V/O....

انہوں نے مردم شماری کے بارے میں بروقت جانکاری پہنچانے پر میڈیا کا بھی شکریہ ادا کیا۔

انور خان

ڈاکٹرس ڈے

آج ڈاکٹروں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن سماج کے تئیں ڈاکٹرونکی بے لوث خدمات، انکے ہمدردانہ جذبے اور قیمتی جانوں کو بچانے میں انکی کاوشوں کےلئے انکی عزت افزائی کے اعتراف میں منایا جاتا ہے۔اس دن کی مناسبت سے آج سکمز صورہ سمیت کئی دیگر طبی اداروں میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا، جن میں لوگوں تک معیاری طبی خدمات پہنچانے میں ڈاکٹروں کے رول کو اُجاگر کیا گیا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ڈاکٹروں کے قومی دن کے موقعے پر ڈاکٹر ونکے بے مثال کام کےلئے انہیں سلام پیش کیاہے۔

LG نے کہاہے کہ قوم کو ڈاکٹروں کی عظیم خدمات اوران کے غیر متزلزل عزم پر فخر ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس دن کے موقعے پر بے لوث خدمات انجام دینے والے طبی عملے کو شاباشی اور مبارکبادی پیش کی ہے۔

مبارکبادی کے اپنے پیغام میں انہوں نے ڈاکٹرونکے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے بھی آج سبھی ڈاکٹروں کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے کہاہے کہ وہ طبی شعبے کے بنیادی ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔

ڈاکٹرس ڈے کے سلسلے میں پیش ہے ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

گرمائی تعطیلات

وادی میں گرمی کی شدت میں اضافہ کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈائریکٹوریٹ آف سکول ایجوکیشن کشمیر نے کشمیر صوبے کے اول سے بارھویں جماعت کے سبھی سرکاری اور سرکار سے تسلیم شدہ نجی سکولوں میں گرمی کی چھٹیوں کا اعلان کیا ہے۔ ڈائریکٹر ایجوکیشن کشمیرکی جانب سے جاری ایک حکمنامے میں کہاگیا ہے کہ یہ سکول جولائی کی 6سے 19تاریخ تک گرمائی تعطیلات کیلئے بند رہیں گے۔

ادبی تقریب

جموں و کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی طرف سے آج ٹیگور ہال سرینگر میں ایک ادبی تقریب منعقد ہو ئی جس دوران معروف براڈکاسٹر اور آکاشوانی سرینگر کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل بشیر عارف کے افسانوی مجموعے

---

©

---

©”میانہِ
وچھِک

---

کوتر“کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔ /

پروفیسر محمد زماں آزردہ کی صدارت میں منعقدہ تقریب پر پدم شری پروفیسر شفیع شوق،ڈاکٹر رفیق مسعودی، بشیر بڈگامی، شہزادی سائمن،، رخسانہ جبین، شفق سوپوری اور کلچرل اکیڈمی کے ایڈیشنل سیکریٹری عدیل سلیم کے علاوہ کافی تعداد میں ادب نواز موجود تھے۔

انور خان

پردیش بی جے پی نے جموں وکشمیر مینسرکاری سیکٹر کی نوکریوں کو
آو

---

ٹ سورس کرنے کے منصوبے کو ہدف تنقید بنایا ہے۔ئ

ایک بیان میں پارٹی کے سٹیٹ جنرل سیکریٹری انور خان نے اس اقدام کو بدقسمتی سے تعبیر کرتے ہوئے نوجوانوں کے خوابوں کیلئے سم قاتل قرار دیا ہے۔

انہوننے مزید کہا ہے یہ محض ایک پالیسی تنازعہ نہیں ہے بلکہ انتظامیہ اور نوجوانوں کے درمیان بنیادی طور پر اعتماد توڑنے کے مترادف ہے۔

ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر جموں میں Surme Sanakade Jawan Dogre نام کا ڈوگری گیت جاری کیا۔اس موقعے پر کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔دریں اثنا ست شرما اور پارٹی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے آج ایک میٹنگ میں

پارٹی کے پروگراموں اور بی جے پی کے قومی صدر کے آنے والے دورے کے تعلق سے اقدامات کا جائزہ لیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر متعدد عوامی وفود اور کارکنوں کے ساتھ ملاقات کی۔ اس موقعے پر انہوں نے عوامی مسائل اور مطالبات سنے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانے کیلئے ہرممکن اقدامات کررہی ہے۔

اننت ناگ پولیس

اننت ناگ پولیس نے پچھلے6مہینوںکے دوران منشیات کے خلاف کارروائی کو تیز کرتے ہوئے این ڈی پی ایس کے345معاملات درج کئے 372ڈرگ سمگلر گرفتار کئے اور 2ہزار کلوگرام نشیلی ادویات کو تباہ کردیا۔

جی رام جی ایکٹ

وکست بھارت روزگار ضمانتی اور آجیویکا مشن گرامین یعنی وی بی جی رام جی ایکٹ2025آج سے پورے ملک میں لاگو ہوگیاہے۔ اس ایکٹ کا اطلاق ملک کے دیہی علاقوں پر ہوگا۔ یہ ایکٹ بیس سال پرانے ایم جی نریگا کی جگہ لے رہاہے۔ دیہی ترقی کی وزارت نے اس ایکٹ کی موثر عمل آوری کیلئے رواں مالی سال کے دوران نو کھرب 56ارب 92کرورڑ روپے کی رقم دستیاب کرائی ہے۔

اس ایکٹ کے تحت روزانہ کی بنیادوں پر دی جانے والی اجرت میں اضافہ کے تعلق سے مرکزی سرکار نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیاہے ۔ اجرت کی قومی اوسط 298روپے80پیسے فی دن کو بڑھا کر327روپے 40پیسے فی دن کیاگیاہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23.3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23.3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 23 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔